# BOARD QUESTION PAPER-2015

5 سوال۔1 درج ذیل خالی جگہوں کو دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔

(سمندر ، زلزلہ ، کھل کھلا کر ، عاصی ، سوفیصدی)

۱۔ یارب اس بندۂ .............. پہ یہ احسان تیرا۔

۲۔ جب مولوی قدرت اللہ چلا گیا تو ایک بار سب .............. ہنس پڑے۔

۳۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ .............. میں زبردست جوار بھاٹا آیا۔

۴۔ ہم امتحان کے بارے میں .............. تقدیر کے قائل ہیں۔

۵۔ جہاز کی یہ حالت تھی کہ جیسے .............. آیا ہو۔

**جواب:۔** (۱)عاصی (۲)کھل کھلا کر (۳)سمندر (۴)سوفیصدی (۵)زلزلہ

5 سوال۔2 درج ذیل کے صحیح جواب انتخاب کر کے لکھئے۔

۱۔ اردو کی تاریخ پرانی ہے۔

(الف) ایک سو سال　　(ب) ایک ہزار سال

(ج) پانچ سو سال　　(د) تین سو سال

۲۔ ہندوستان شروع سے ہی مختلف زبانوں اور تہذیبوں کا رہا ہے۔

(الف) گہوارہ　　(ب) ادارہ

(ج) ستارہ　　(د) مرکز

۳۔ شکیل بدایونی نے فلمی گیتوں کے علاوہ شعری مجموعے لکھے۔

(الف) آٹھ　　(ب) پانچ

(ج) دو　　(د) چھ

۴۔ فراق گورکھپوری کا اصلی نام ہے۔

(الف) دیا شنکر　　(ب) سکندر علی

(ج) رگھوپتی سہائے　　(د) احمد شاہ

۵۔ نظم ''جگنو'' کے شاعر ہیں۔

(الف) سکندر علی وجد　　(ب) عتیق اللہ

(ج) میر درد　　(د) ساحر لدھیانوی

جواب:۔ (۱)ب (۲)الف (۳)ب (۴)ج (۵)الف

5 سوال۔3 درج ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں دیجئے۔

۱۔ تیرہ بختی سے دن کا تعلق ہے یا رات کا ؟

۲۔ غزل میں شاعر کے دل کو کس کا سہارا ہے ؟

۳۔ شاعر کس طرح کی زندگی چاہتا ہے ؟

۴۔ اردو میں کن کن زبانوں کے اثرات پائے جاتے ہیں ؟

۵۔ حضرت عائشہؓ نے سائلہ کو کیا دیا ؟

جواب:۔ (۱)رات کا (۲)محبوب کے غم کا (۳)بے لوث زندگی (۴)عربی، فارسی، اور ہندوی (۵) چھوارا

5 سوال۔4 درج ذیل جملوں کو پڑھ کر اس کے سامنے صحیح ☑ اور غلط کا نشان ☒ کا نشان لگائیے۔

۱۔ انگریز حکومت نے حکیم صاحب کو مسیح الملک کا خطاب عطا کیا۔ ( )

۲۔ بغیر کسی مقصد کے پڑھنا فضول ہی نہیں مضر بھی ہے۔ ( )

۳۔ خواجہ میر درد لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ ( )

۴۔ رباعی میں چار مصرے ہوتے ہیں۔ ( )

۵۔ مطالعہ ایک شریفانہ فعل نہیں، ایک حکیمانہ فعل ہے۔ ( )

جواب:۔ (۱) ☒ (۲) ☑ (۳) ☒ (۴) ☑ (۵) ☒

5 سوال۔5 درج ذیل میں صحیح رابطہ قائم کیجئے۔

http://www.mpboardonline.com

| | |
|---|---|
| ۱۔ ہماری مشترکہ تہذیب | (i) میل جول |
| ۲۔ پرچھائیاں | (ii) ماخوذ |
| ۳۔ اشتراکیت | (iii) اسرارالحق مجاز |
| ۴۔ اردو کا تہذیبی مزاج | (iv) ابو محمد سحر |
| ۵۔ رات اور ریل | (v) ساحر لدھیانوی |

جواب:۔ (۱) iv (۲) v (۳) i (۴) ii (۵) iii

2 سوال۔6 خان صاحب کی بیٹی کی بارات واپس کیوں لوٹ گئی ؟

یا۔

بودھ راج بار بار چیل کا نشانہ کیوں لگا رہا تھا ؟

سوال۔7 اولاد سے محروم ہونے کے باعث حضرت عائشہؓ کا کیا معمول تھا ؟ 2

یا۔

حمرا کو انگلستان میں رہنا کیوں پسند نہیں تھا ؟

سوال۔8 فیل ہوجانے کے بعد مصنف نے کون سا خواب بار بار دیکھا ؟ 2

یا۔

عمدہ کتاب کی کیا نشانی ہے ؟

نوٹ: ذیل میں دیئے گئے اقتباس کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالوں کا جواب دیجئے۔

ایک کسان لڑکی گندم کے پودوں کے درمیان کچھ اس صفائی کے ساتھ درانتی سے گھاس کاٹتی پھر رہی تھی۔ بابا نور ذرا سا رک کر لڑکی کو دیکھنے لگا۔ وہ گھاس کی دستی کاٹ کر ہاتھ کے پیچھے لے جاتی اور گھاس کو پیٹھ پر لٹکی ہوئی گٹھڑی پر ڈال کر پھر درانتی چلانے لگتی

سوالات : http://www.mpboardonline.com

سوال۔9 سبق کا نام اور مصنف کا نام لکھئے۔ 2

سوال۔10 کسان لڑکی کیا کر رہی تھی ؟ 2

سوال۔11 عبارت کی سلیس اردو لکھئے۔ 2

سوال۔12 ہجرت کرنے والوں کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟ 4

یا۔

اخبار میں نتیجہ کا نمبر نہ ملنے پر کیا ہوتا تھا ؟

سوال۔13 درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک کی سوانح حیات تحریر کیجئے۔ 4

۱۔ مرزا فرحت اللہ بیگ ۲۔ مولوی عبدالحق ۳۔ احمد ندیم قاسمی

سوال۔14 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو (2) اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4

(۱) دن کا کیا ذکر تیرہ بختوں
ایک رات آئی ایک رات گئی

(۲) تیرے ہی غم کا دل کو سہارا ہے آج کل
بے کیف زندگی بھی گوارا ہے آج کل

(۳) فضا میں ہاتھ تو اٹھے تھے ایک ساتھ کئی
کسی کے واسطے کوئی دعا نہ کرتا تھا

سوال-15 غزل میں شاعر نے جگ میں آ کر ہر طرف کیا دیکھا ؟ 2

یا-

شاعر کا دو چار آنسوؤں پہ گزارا کیوں ہے ؟

سوال-16 فراقؔ نے شرح حیات کسے کہا ہے ؟ 2

یا-

سفر گرفتہ لوگوں سے شاعر کو کیا شکایت ہے ؟

سوال-17 زن کی نظر میں مال و زر کیوں بیکار ہے ؟ 2

یا-

جگنو کس موسم میں رات کو اڑتے پھرتے ہیں ؟

سوال-18 درج ذیل بند میں سے کسی ایک بند کی تشریح مع حوالہ کے لکھئے 4

(۱) چلو کہ آج سبھی پائمال روحوں سے
کہیں کہ اپنے ہر ایک زخم کو زباں کر لیں
ہمارا راز ہمارا نہیں، سبھی کا ہے
چلو کہ سارے زمانے کو راز داں کر لیں

(۲) یہ کیا کہ حیاتِ جاودانی کیا ہے
پہلے دیکھو جہانِ فانی کیا ہے
اس فکر میں ہو کہ موت کیا ہے رواں
یہ بھی سمجھے کہ زندگانی کیا ہے

سوال-19 سوالنامہ کے علاوہ کسی بھی نظم کی چار لائن لکھئے۔ 4

سوال-20 اردو کی تہذیبی جڑوں کی تلاش کن بنیادوں پر کی جا سکتی ہے ؟ 2

یا-

اردو کو کثیر اللسان کیوں کہا گیا ہے ؟

سوال-21 چار ہندو شعراء کے نام لکھئے۔ جنہوں نے اردو میں شاعری کی ؟ 2

یا-

ہندو شعراء اپنے دیوان مرتب کرتے وقت اولین صفحات میں کس [illegible] دیتے تھے ؟

سوال-22 تلمیح کی تعریف لکھیے۔ 2

یا۔

دیئے گئے الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھیے۔

(گوہر ۔ دہر ۔ پشیماں ۔ بزم ۔ انجم ۔ طلسم)

سوال-23 مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے۔ (کوئی دو) 2

جوار بھاٹا ۔ سیانا کوا ۔ عجیب وغریب

یا۔

مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ (کوئی چار)

دوستی ۔ پسند ۔ قریب ۔ برباد ۔ داخل ۔ ہموار

سوال-24 درج ذیل محاوروں میں سے کسی دو محاوروں کا مطلب لکھتے ہوئے اپنے جملے میں استعمال کیجیے۔ 4

۱۔ نوک جھونک کرنا ۲۔ ناک کٹنا

۳۔ عید کا چاند ہونا ۴۔ پانی پانی ہونا

یا۔

درج ذیل رموز واوقاف کے نام بتائیے۔ (کوئی چار)

" " ۔ ! ؟ ؛

سوال-25 حرف کی تعریف لکھیے حروف کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں ؟ نام لکھیے۔ 5

یا۔

درج ذیل الفاظ کے واحد اور جمع لکھیے۔ (کوئی چار)

قسم ۔ گھٹا ۔ دوائیں ۔ پیغامات ۔ مشغول ۔ مدرسہ ۔ مذاہب

سوال-26 اپنی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے اپنے صدر مدرس کو تین دن کی چھٹی کے لئے ایک درخواست لکھیے۔ 5

یا۔

اپنے دوست یا سہیلی کو ایک خط لکھیے جس میں اپنے بھائی کی شادی میں آنے کی دعوت دیجیے۔

سوال-27 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 300 الفاظ کا مضمون لکھیے۔ 10

۱۔ کمپیوٹر ۲۔ میرا محبوب مشغلہ ۳۔ قومی امن واتحاد

۴۔ سائنس کی ہماری زندگی میں اہمیت ۵۔ پسندیدہ کھیل

سوال-28 نیچے لکھے غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

اردو زبان کی پہلی تاریخ محمد حسین آزاد نے آبِ حیات میں لکھی۔ اس میں بھی انہوں نے میر امّن، انشا، اور امام بخش صہبائی کے نظریے کی تائید کرتے ہوئے لکھا کہ ''اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔ اردو کی ابتدا کے متعلق سید سلیمان ندوی اپنے نظریے میں ''اردو کی پیدائش کا مقام سندھ کو قرار دیتے ہیں''۔ حافظ محمود شیرانی اردو کی ابتدا پنجاب بتاتے ہیں۔ 1928 تک اس نظریے کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل تھی۔ لیکن 1948 میں مسعود حسین خاں کی کتاب ''مقدمۂ تاریخ زبان اردو'' میں ہریانوی، برج اور میواتی بولیوں کو اردو کی تشکیل میں معاون قرار دیا ہے۔

<u>سوالات :</u>

۱۔ اردو زبان کی سب سے پہلی تاریخ کس نے لکھی ؟

۲۔ محمد حسین آزاد نے کس کی تائید کی ؟

۳۔ اردو کی ابتدا کے متعلق سید سلیمان ندوی کا نظریہ کیا ہے ؟

۴۔ حافظ محمود شیرانی اردو کی ابتدا کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں ؟

۵۔ مسعود حسین خاں نے اردو کی تشکیل میں کسے معاون قرار دیا ہے ؟

..........☆..........

http://www.mpboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Your old paper & get 10/-
पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

۳۔ لسانی نقطۂ نظر سے یہ کیسی زبان ہے؟

۴۔ اردو کی ساخت کیسی ہے؟

۵۔ اردو میں کن زبانوں کے اثرات زیادہ ہیں؟

..........☆..........

http://www.mpboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Your old paper & get 10/-
पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से